## تفتیش کے دوران آپ کے حقوق کیا ہیں؟

قانون نافذ کرنے والے کارندے (agents)، جیسے پولیس یا ایف بی آئی گھروں، عبادت گاہوں، کام کی جگہوں اور دیگر مقامات پر افراد سے رابطہ قائم کرچکے ہیں۔ آپ پر لازم نہیں کہ آپ ان کے سوالات کا جواب دیں۔

اگر قانون نافذ کرنے والا کارندہ سوالات کرنے کی کوشش کرتا ہے تو پُرسکون رہیں اور مندرجہ ذیل نکات کو یاد رکھیں:

- آپ کو انکار کا حق حاصل ہے:
  - شہریوں اور غیر شہریوں کو حق حاصل ہے کہ وہ خاموش رہیں یا سوالات کا جواب دینے سے انکار کر دیں۔
  - اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے بہتر طریقہ یہ ہے کہ آپ ایک اٹارنی کی موجودگی کے بغیر بات کرنے سے انکار کر دیں۔
  - اکیلے جواب دینے میں کئی خطرات ہو سکتے ہیں اور اس سے آپ، آپ کے خاندان، یا کمیونٹی کے لیے غیر متوقع نتائج نکل سکتے ہیں۔
  - بہتر یہی ہے کہ ممکن حد تک کم از کم سوالات کا جواب دیا جائے۔
  - ان سوالات کا جواب مت دیں جن میں پوچھا جائے کہ آپ کہاں پیدا ہوئے اور آپ کا امیگریشن سٹیٹس کیا ہے۔
- وکیل سے رابطہ کریں:
  - اگر کارندہ آپ سے بات کرنے کی کوشش کرے تو آپ شائستگی مگر پُراعتماد انداز میں یہ کہہ کر انکار کر سکتے ہیں "کیا میں آپ کا بزنس کارڈ لے سکتا ہوں؟ میرا اٹارنی پیروی کرے گا (May I please have your business card? My attorney will follow up with you)"۔
  - آپ یہ اس صورت میں بھی کہہ سکتے ہیں اگر آپ نے ابھی تک وکیل نہ کر رکھا ہو۔ مفت نمائندگی یا حوالے کے لیے "کلیئر" سے رابطہ کریں۔
  - اگر کارندہ اصرار کرے تو یہی جملے دُہرانے کے لیے تیار رہیں۔ آپ کو انہیں ایک سے زیادہ بار دہرانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ان خطرات کو ذہن میں رکھیں:

- آپ قانون نافذ کرنے والے کو جو کچھ بتائیں گے وہ آپ کے اور دوسروں کے خلاف استعمال ہو سکتا ہے۔
- قانون نافذ کرنے والے کارندوں کے سامنے جھوٹ بولنے پر لوگوں پر فردِ جرم عائد ہوچکی ہے۔ یہاں تک کہ کسی حقیقت کو بھول جانے یا غلط انداز میں بیان کرنے کو جھوٹ سمجھا جا سکتا ہے۔

## اگر کسی عوامی مقام (public place) پر مجھ تک رسائی کرے تو؟

قانون نافذ کرنے والے کارندے چند مخصوص کمیونٹیوں یا کمیونٹی کے اداروں کی انسدادِ دہشت گردی (counter terrorism) کے نام پر نگرانی کا ہدف بناتے ہیں۔ وہ عبادت گاہوں، اکٹھے ہونے کی جگہوں، جیسے ریسٹورینٹس وغیرہ کو توجہ کا مرکز بنا سکتے ہیں یا افراد کو ان کے کام کی جگہ پر جاکر مل سکتے ہیں۔

اگر قانون نافذ کرنے والے کارندے عوامی مقام پر آپ سے ملیں اور آپ سے بات کرنے کی کوشش کریں تو لازم نہیں کہ آپ ان سے بات کریں۔

- قانون نافذ کرنے والوں کو آپ سے آپ کا نام اور پتہ معلوم کرنے کا حق حاصل ہے۔اگرچہ یہ ضروری نہیں کہ آپ اپنا آئی ڈی مہیا کریں۔ ہمارا مشورہ یہ ہے کہ پوچھے جانے پر آپ آئی ڈی کی کوئی شکل پیش کریں جس میں کم سے کم معلومات دی گئی ہوں، جیسے سکول کا آئی ڈی، یا تصویر کے ساتھ کریڈٹ کارڈ۔
- غیر شہریوں پر یہ لازم ہے کہ وہ اپنے امیگریشن سٹیٹس کا ثبوت ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔
- جعلی امیگریشن دستاویزات یا آئی ڈی کارڈ نہ رکھیں، نہ ہی پیش کریں۔ اس سے آپ پر فوجداری مقدمات (criminal charges) قائم ہو سکتے ہیں یا آپ کو ملک بدر کیا جا سکتا ہے۔
- اگر کارندہ سوالات کرنا شروع کرے تو آپ کو جواب دینے سے انکار کر دینا چاہیے۔ آپ شائستگی ، مگر بااعتماد انداز میں یہ کہہ سکتے ہیں: "کیا میں آپ کا بزنس کارڈ لے سکتا ہوں؟ میرا وکیل آپ سے رابطہ کرے گا۔ (May I please have your business card? My attorney will follow up with you) اگر پھر بھی وہ سوالات پوچھتا رہے تو بار بار یہی دہراتے رہیں۔
- بہت سے لوگوں کو یہ خوف ہوتا ہے کہ اگر وہ قانون نافذ کرنے والے کارندے کو جواب نہیں دیں گے تو انہیں گرفتار کر لیا جائے گا۔ قانون کے مطابق کوئی کارندہ آپ کو جواب نہ دینے کی بنا پر گرفتار نہیں کر سکتا۔

## اگر مجھے ملنے گھر آ جائیں تو؟

قانون نافذ کرنے والے کارندے بعض اوقات لوگوں سے سوالات پوچھنے یا ان کی ملکیت کی تلاشی لینے نجی گھروں میں آتے ہیں۔

یاد رکھیے کہ آپ کو ان سے بات کرنے کی ضرورت نہیں۔ وارنٹ کے بغیر انہیں گھر میں داخل نہ ہونے دیں۔

- دروازہ مت کھولیں۔ دروازہ کھولے بغیر ان سے پوچھیں کہ ان کے پاس وارنٹ ہے یا نہیں۔ اگر ہے تو ان سے کہیں کہ دروازے کے نیچے سے آپ کو دیں۔
- اگر آپ کو یہ لگے کہ آپ کو دروازہ کھولنا پڑے گا تو دروازہ کھول کر باہر آ جائیں اور اپنے پیچھے سے دروازہ بند کر دیں۔ نہ انہیں اندر آنے کا کہیں اور نہ ہی اندر آنے دیں۔
- آفیسرز تلاشی لینے کے لیے اجازت کی غرض سے اس طرح کے سوالات کر سکتے ہیں: "کیا میں اندر آ سکتا ہوں؟" اگر وہ گھر کی تلاشی لینے کا کہیں تو آپ منع کردیں۔ اگر وہ اس کے باوجود گھر کی تلاشی لینا شروع کردیں تو آپ کہیں "مجھے یہ تلاشی منظور نہیں (I do not agree to this search)"۔ ممکنہ گواہان کو نوٹ کر لیں۔
- اگر وہ آپ سے سوالات کرنا شروع کریں تو شائستگی اور پُراعتماد انداز میں کہیں: "کیا آپ مہربانی فرما کر مجھے اپنا بزنس کارڈ دے سکتے ہیں؟ میرا وکیل رابطہ کرے گا (May I please have your business card? My attorney will follow up with you)"۔ کسی دوسرے سوال کا جواب مت دیں۔ جتنا جلد ممکن ہو "کلیئر" (CLEAR) سے رابطہ کریں۔

ان سے وارنٹ طلب کریں۔ دستاویز کو دیکھیں کہ آیا یہ تلاشی کا وارنٹ ہے یا گرفتاری کا وارنٹ ہے۔ اس پر ایک جج کے دستخط ہونے چاہئیں اور نسبتاً قریبی تاریخ ہونی چاہیے۔ اگر ان کے پاس وارنٹ ہو تو بھی خاموش رہیں اور کسی سوال کا جواب نہ دیں۔

<u>تلاشی وارنٹ:</u> یہ دیکھیں کہ آیا وارنٹ میں درست نام، پتہ اور تاریخ درج ہے یا نہیں۔ اگر کوئی غلطی ہو تو کارندے کو بتلائیں۔ تلاشی کی نگرانی کرنے کا مطالبہ کریں اور اگر کوئی چیز اٹھائی جائے تو اسے نوٹ کر لیں۔ ان جگہوں کی تلاشی پر راضی نہ ہوں جن کا تلاشی وارنٹ میں ذکر نہ ہو۔

<u>گرفتاری وارنٹ:</u> خاموش رہیں اور اپنے وکیل سے رابطہ کریں، یا عدالت کی طرف سے مقرر کردہ وکیل سے ملنے کا انتظار کریں۔

## اگر مجھے اپنی گاڑی میں روک لیا جائے؟

اگر آپ کو اپنی گاڑی میں روک لیا جائے تو گاڑی کے اندر رہیں اور اپنے ہاتھ سٹیرنگ ویل پر ایسی جگہ رکھیں جہاں قانون نافذ کرنے والا کارندہ ان کو دیکھ سکے۔

- اگر مانگے تو کارندے کو اپنا لائسنس، رجسٹریشن، اور انشورنس کا ثبوت، اور نام و پتہ مہیا کریں۔
- ان موضوعات کے علاوہ کسی موضوع پر بات نہ کریں جو ڈرائیونگ کے عملی پہلوؤں سے متعلق نہ ہوں۔ مثلاً آپ اپنے بلنکر کے بارے سوال کا جواب دے سکتے ہیں لیکن اس سوال کا جواب مت دیں: "آپ کہاں سے آ رہے ہیں؟" اگر وہ آپ سے پوچھ گچھ شروع کردیں تو شائستگی اور بااعتماد انداز میں یہ کہہ کر انکار کر دیں: "میں آپ کے سوالات کا جواب نہیں دوں گا۔ میرا وکیل آپ سے رابطہ کرے گا( I am not going to answer your question. My attorney will contact you)"۔
- اگر وہ آپ کی گاڑی کی تلاشی لینا چاہیں تو "نہ" کہہ دیں۔ اگر وہ پھر بھی آپ کی گاڑی کی تلاشی لیں تو با آواز بلند کہیں "میں اس تلاشی پر راضی نہیں ( I do not agree to this search)"۔ ممکنہ گواہان نوٹ کر لیں، جیسا کہ گاڑی میں ساتھ سفر کرنے والے یا پاس کھڑے لوگ۔ وہ اس بات کی تصدیق کرسکتے ہیں کہ آپ نے تلاشی سے واضح انکار کیا تھا۔

## اگر مجھے "انٹرویو" کے لیے بلایا جائے تو؟

قانون نافذ کرنے والے کارندے عموماً لوگوں کو "انٹرویو" کے لیے آنے کو کہتے ہیں۔ وہ بعض اوقات کوئی تاریخ دے دیتے ہیں تاکہ یہ تاثر پیدا ہو کہ اس میں شرکت لازمی ہے۔ ان سے بات مت کریں۔ وکیل کی غیر موجودگی میں ان سے بات کرنا بہت خطرناک ہے۔

آپ کو ایسے انٹرویو سے انکار کرنا چاہیے۔ ان سے رابطے کے لیے بزنس کارڈ کا مطالبہ کریں اور کہیں "میرا وکیل آپ سے انٹرویو کے حوالے سے رابطہ کرے گا (My attorney will contact you about the interview)"۔ کون سی راہ احتیار کرنی چاہیے اس کے لیے "کلیئر" سے رابطہ کریں۔

## اگر مجھے گرفتار کر لیا جائے تو؟

خاموش رہنے کے حق کا استعمال کریں۔ وکیل سے بات کرنے کا کہیں۔ ہر اس آفیسر کے سامنے یہی استدعا کریں جو آپ سے بات کرنے کی کوشش کرے۔

قانونی مدد کے لیے ہم سے رابطہ کریں

اگر آپ کو قانونی امداد، صلاح، یا حوالہ کی ضرورت ہو تو 'کلیئر' سے رابطہ کریں۔ ہم نفاذِقانون سے متعلق سوالات اور پوچھ گچھ؛ گرینڈ جیوری اور سمن کا اجرا؛ خیرات؛ سفر؛ اور دیگر کے لیے افراد کی نمائندگی اور مشاورت کرتے ہیں۔ ہماری خدمات بلامعاوضہ ہیں۔

## آگاہی بڑھائیں!

اپنی مساجد یا کمیونٹی سنٹر میں 'کلیئر' کی 'اپنے حقوق جانیے' (Know Your Rights) ورکشاپ کا اہتمام کیجیے۔ 'کلیئر' یہ ورکشاپ مفت کرتا ہے۔

## اپنے حقوق جانیے!

قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں سے واسطہ پڑنے کی صورت میں کیا کرانا چاہیے

9/11 کے بعد امریکی حکومت نے مسلمان، عرب اور جنوبی ایشیائی کمیونیٹیز میں نگرانی اور تفتیش بڑھا دی ہے۔ اس پمفلٹ کا مقصد ایف بی آئی، این وائی پی ڈی، امیگریشن، اور دیگر قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں سے واسطہ پڑنے کی صورت میں آپ کے حقوق سے متعلق معلومات فراہم کرنا ہے۔

CLEAR

CREATING
LAW
ENFORCEMENT
ACCOUNTABILITY &
RESPONSIBILITY

**CLEAR SERVICES ARE PROVIDED FREE OF CHARGE.**
For more information, or to request support:

(718) 340-4558 | cunyclear@law.cuny.edu
www. cunyclear.org

CUNY SCHOOL OF LAW
MAIN STREET LEGAL SERVICES